[Total No. of Printed Pages 2]　　　　　　　　　Roll No. ......................

**M.A. Urdu (MAUL 12/16/17)**

**Second Year Examination - 2019**

**MAUL-201**

**(Urdu Tanqeed)**

ایم.اے.سال دوم:　اُردو تنقید

**Time : 3 Hours**　　　　　　　　　　**Max. Marks : 80**

---

نوٹ:- یہ پرچہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' 80 نمبروں پر مشتمل ہے۔ دونوں حصوں کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق دیجئے۔

(حصہ 'الف')

**مندرجہ ذیل پانچ سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب آپ کو تفصیل سے لکھنا ہے۔ ہر سوال پندرہ نمبر پر مشتمل ہے۔**　　**15x3=45**

سوال نمبر۱:　تذکروں سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ان کی تنقیدی اہمیت پر مفصّل اظہارِ خیال کیجیے۔

سوال نمبر۲:　نیازؔ فتح پوری کے تنقیدی تصورات پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۳:　مغربی تنقید کے اردو تنقید پر کیا اثرات ہوئے؟ تفصیلی جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر۴:　حالؔی کا مرتبہ بحیثیت تنقید نگار واضح کیجیے۔

سوال نمبر۵:　ادبی تنقید سے کیا مراد ہے؟ اپنا جواب مفصل لکھئے۔

## (حصہ 'ب')

**اس حصہ میں آٹھ سوال دیئے گئے ہیں۔ اس میں صرف پانچ سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ ہر سوال سات نمبر کا ہے** **5x7=35**

سوال نمبر ۱: شبلی کے تنقیدی تصورات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر ۲: نفسیاتی تنقید کسے کہتے ہیں؟ اپنی رائے مدلّل لکھئے۔

سوال نمبر ۳: مشرقی تنقید کے اہم مسائل پر اظہارِ خیال کیجئے۔

سوال نمبر ۴: افلاطون کے تنقیدی تصورات سے آپ اتفاق کرتے ہیں یا نہیں؟ تائید یا تردید میں جواب لکھئے۔

سوال نمبر ۵: میتھو آرنلڈ کے تنقیدی نظریات پر اپنی رائے پیش کیجئے۔

سوال نمبر ۶: احتشام حسین کی تنقید نگاری پر مختصر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر ۷: گوپی چند نارنگ کے تنقیدی تصورات، ان کی کتاب کے حوالے سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر ۸: آل احمد سرور کا مرتبہ بحیثیت ناقد واضح کیجئے۔

[Total No. of Printed Pages 2]　　　　　　　　Roll No. ......................

# M.A. Urdu (MAUL 12/16/17)
## Second Year Examination - 2019
## MAUL-202
## (Tarjuma Nigari Aur Ablaghiyat)

ایم.اے.سال دوم:　ترجمہ نگاری اور ابلاغیات

**Time : 3 Hours**　　　　　　　　**Max. Marks : 80**

---

ہدایت:-　یہ پرچہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' پر مشتمل ہے۔ دونوں حصوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

(حصہ 'الف')

**مندرجہ ذیل پانچ سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جوابات تحریر کیجئے۔**
**ہر سوال کے پندرہ نمبر پر مشتمل ہے۔**　　**15x3=45**

سوال نمبر۱:　ہندوستان میں ٹیلی ویژن کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۲:　اردو میں ادبی ترجمے کی روایت، اہمیت اور افادیت پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۳:　خبر کی تعریف کرتے ہوئے خبر نویسی کے طریقہ کار وضاحت سے بیان کیجیے۔

سوال نمبر۴:　ہندوستان میں ٹیلی ویژن سیریل کے آغاز وارتقاء کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر۵:　''ترجمہ اور اصلاح سازی'' کے موضوع پر ایک جامع نوٹ لکھئے۔

(حصہ ’ب‘)

**مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف پانچ کے جوابات تحریر کیجئے۔**

**ہر سوال 7 نمبر کا ہے۔** **5x7=35**

سوال نمبر۱: عوامی ذرائع ابلاغ کے اجزاء ترکیبی کیا کیا ہیں، مدلل لکھئے۔

سوال نمبر۲: ترجمے کی اہمیت وافادیت پر مختصر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۳: ریڈیو ڈا کومینٹری کے مطالبات کیا کیا ہیں؟ واضح کیجئے۔

سوال نمبر۴: اردو کے پہلے اخبار کا تعارف کرائیے۔

سوال نمبر۵: دارالترجمہ عثمانیہ کے امتیازات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۶: مترجم کی امتیازی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۷: ’’اداریہ نگاری‘‘ کے اُصول وضوابط پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۸: اردو میں مذہبی ترجمے کی ضرورت اوراہمیت پر روشنی ڈالیے۔

[Total No. of Printed Pages 3]                    Roll No. ......................

# M.A. Urdu (MAUL 12/16/17)
## Second Year Examination - 2019
## MAUL-203
## (Daastan, Drama, Novel & Afsana)

ایم.اے.سال دوم: داستان، ڈرامہ، ناول اور افسانہ

**Time : 3 Hours**                    **Max. Marks : 80**

---

ہدایت:- یہ پرچہ دو حصوں میں منقسم ہے۔ 'الف' اور 'ب'۔ دونوں حصوں کے سوالوں کے جواب حسب ہدایت تحریر کیجئے۔

(حصہ 'الف')

**مندرجہ ذیل سوالوں میں سے صرف تین کے جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے لیے پندرہ نمبر مختص ہیں۔** **15x3=45**

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے حوالوں کے ساتھ کیجیے۔

ایک روز رات کو اُسی دریا میں بیٹھا اور ڈوبنے کا ارادہ کر کے، گلے تک پانی میں اُتر گیا۔ چاہتا ہوں کہ آگے پاؤں رکھوں اور غوطہ کھاؤں، وہی سوار، برقع پوش جنھوں نے تم کو بشارت دی ہے، آ پہنچے۔ میرا ہاتھ پکڑ لیا اور دلاسا دیا کہ خاطر جمع رکھ، ملکہ اور بہزاد خاں جیتے ہیں، تُو اپنی جان ناحق کیوں کھوتا ہے؟ دنیا میں ایسا بھی ہوتا ہے۔ خدا کی درگاہ سے مایوس مت ہو، اگر جیتا رہے گا تو تیری ملاقات اُن دونوں سے ایک نہ ایک روز ہو رہے گی۔ اب تو روم کی طرف

جا، اور بھی دو درویش دل ریش وہاں گئے ہیں۔ اُن سے جب تُو ملے گا اپنی مراد کو پہنچے گا۔ یا فقرا! بہ موجب حکم اپنے ہادی کے، میں بھی خدمت شریف میں اگر حاضر ہوا ہوں۔ اُمید قوی ہے کہ ہر ایک اپنے اپنے مطلب کو پہنچے۔ اس ٹکڑ گدا کا یہ احوال تھا جو تمام کمال کہہ سنایا۔

سوال نمبر۲: درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

جوں جوں اندھیرا بڑھتا تھا اور ستاروں کی چمک تیز ہوتی تھی، میخانے کی رونق بھی بڑھتی جاتی تھی، کوئی گاتا تھا، کوئی لہکتا تھا، کوئی اپنے رفیق کے گلے لپٹا جاتا تھا، کوئی اپنے دوست کے منہ سے ساغر لگائے دیتا تھا، وہاں کی فضا میں سرور تھا، ہوا میں نشہ، کتنے تو چلّو میں اُلّو ہو جاتے ہیں۔ کہاں آئے تھے خود فراموشی کا مزہ لینے کے لیے۔ شراب سے زیادہ یہاں کی ہوا سے مسرور ہوتے تھے۔ زیست کی بلا یہاں کھینچ لائی تھی۔ اور کچھ دیر کے لیے وہ بھول جاتے تھے کہ وہ زندہ ہیں یا مردہ یا زندہ درگور۔

سوال نمبر۳: گئودان، پریم چند کی ناول نگاری کا بہترین نمونہ ہے۔ بحث کیجیے۔

سوال نمبر۴: رانی کیتکی کے مصنف سے اپنی معلومات کا مجملاً ذکر کرتے ہوئے اس کہانی کی ادبی ولسانی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۵: ''باغ و بہار کی زبان اتنی سادہ نہیں ہے جتنی بہ ظاہر معلوم ہوتی ہے۔ البتہ اس میں خواہ مخواہ کی رنگینی اور پیچیدگی نہیں ہے۔''
مثالیں دے کر اس قول کی وضاحت کیجئے۔

## (حصہ 'ب')

**مندرجہ ذیل میں سے کوئی پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے لیے سات نمبر مختص ہیں۔** **5x7=35**

سوال نمبر۱: اِندر سبھا کی تاریخی، ادبی اور لسانی خصوصیات قلم بند کیجیے۔

سوال نمبر۲: ''چاندنی بیگم'' کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

سوال نمبر۳: مراۃ العروس کی تصنیف کے مقاصد پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۴: باغ و بہار اور فسانۂ عجائب کے طرزِ بیان اور زبان کے بنیادی امتیازات مختصراً بیان کیجیے۔

سوال نمبر۵: ''امراؤ جان ادا' کے کسی کردار کا تعارف پیش کیجیے۔

سوال نمبر۶: اردو میں داستان نگاری کی روایت پر مجملاً روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۷: ''لاجونتی' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔

سوال نمبر۸: افسانہ اور ناول کا بنیادی فرق واضح کیجیے۔

[Total No. of Printed Pages 2] Roll No. ......................

# M.A. Urdu (MAUL 12/16/17)
## Second Year Examination - 2019
## MAUL-204
## (Ghair Afsanvi Adab)

ایم.اے. سال دوم: غیر افسانوی ادب

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 80**

---

ہدایت:- یہ پرچہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' میں منقسم ہے۔ دونوں حصوں کے سوالات کے جوابات ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

## (حصہ اوّل)

**مندرجہ ذیل پانچ سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے لیے 15 نمبر مختص کیے گئے ہیں۔** **15x3=45**

سوال نمبر۱: اردو میں غیر افسانوی ادب کی اصناف کا تعارف پیش کرتے ہوئے اردو میں سوانح نگاری کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر۲: فن مکتوب نگاری کی ادبی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کی تہذیبی اور تاریخی اہمیت کو واضح کیجئے۔

سوال نمبر۳: اردو میں خاکہ نگاری کے ارتقاء کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر۴: ادب میں طنز و مزاح کی سماجی اہمیت پر ایک مفصل مضمون لکھئے۔

سوال نمبر۵: ''سیپارۂ دل'' کی روشنی میں خواجہ حسن نظامی کی انشائیہ نگاری کی خصوصیات واضح کیجیے۔

## (حصہ دوم)

**مندرجہ ذیل میں سے کوئی پانچ سوالوں کے جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے لیے سات نمبر مختص کئے گئے ہیں۔** **5x7=35**

سوال نمبر۱: اردو میں سفرنامے کی روایت کا مختصر جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر۲: سوانح اور خودنوشت میں کیا فرق ہے؟ مثالوں سے واضح کیجئے۔

سوال نمبر۳: ''یادگارِ غالب'' کی انفرادیت کو واضح کیجئے۔

سوال نمبر۴: ''نیرنگ خیال'' کی روشنی میں محمد حسین آزاد کی انشائیہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر۵: تذکروں میں خاکہ نگاری کے عناصر کی نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر۶: رضا نقوی واہیؔ کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری کا جائزہ پیش کیجئے۔

سوال نمبر۷: غالبؔ کی خطوط نگاری کے امتیازات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۸: ''چراغ تلے'' کی روشنی میں مشتاق یوسفی کے طنز و مزاح نگاری کا جائزہ لیجئے۔

[Total No. of Printed Pages 3]　　Roll No. ......................

**Bachelor of Arts (BA 12/16/17)**

**First Year Examination - 2019**

**BAUL-101**

**(Urdu Nasr)**

بی.اے.سال اوّل:　اُردو نثر

**Time : 3 Hours**　　**Max. Marks : 80**

---

ہدایت:- یہ سوال نامہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' پر مشتمل ہے۔ دونوں حصوں کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

(حصہ 'الف')

**ہدایت: مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے تفصیلی جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال پندرہ نمبر پر کا ہے۔** **15x3=45**

سوال نمبر۱: درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

''دروغ دیوزاد بہروپ بدلنے میں طاق تھا۔ ملکہ کی ہر بات کی نقل کرتا تھا اور نئے نئے سانگ بھرتا تھا تو بھی وضع اس کی گھبرائی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ دنیا کی ہوا و ہوس ہزاروں رسالے اور پلٹنیں اس کے ساتھ تھیں۔ اور چوں کہ یہ ان کی مدد کا محتاج تھا، اسی لالچ کا مارا کمزور تابع داروں کی طرح ان کے حکم اُٹھاتا تھا۔ ساری حرکتیں اس کی بے معنی تھیں اور کام بھی اُلٹ پلٹ بے اوسان تھے کیوں کہ استقلال ادھر نہ تھا۔ اپنی شعبدہ بازی اور نیرنگ سازی

سے فتح یاب تو جلد ہو جاتا تھا۔ مگر تھم نہ سکتا تھا۔ ہوا و ہوس اس کے یارِ وفادار تھے اور اگر چہ کچھ تھے تو وہی سنبھالے رہتے تھے۔''

**یا**

''جہاں تک ہم سے ہوسکا ہم نے اُردو زبان کے علم و ادب کی ترقی میں اپنے ان ناچیز پرچوں کے ذریعہ سے کوشش کی۔ مضمون کے ادا کا ایک سیدھا اور صاف طریقہ اختیار کیا۔ رنگین عبارت سے جو تشبیہات اور استعاراتِ خیالی سے بھری ہوئی ہے اور جس کی شوکت صرف لفظوں ہی لفظوں میں بھری ہوئی اور دل پر اس کا کچھ اثر نہیں ہوتا پرہیز کیا۔ اس میں کوشش کی کہ جو کچھ لطف ہو مضمون کے ادب میں ہو۔ جو اپنے دل میں وہی دوسرے کے دل پر پڑے تا کہ دل سے نکلے اور دل میں بیٹھے۔

سوال نمبر۲: عبدالحلیم شرر کی انشائیہ نگاری کے امتیازات قلم بند کیجئے۔

سوال نمبر۳: محمد حسین آزاد کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر۴: زبان و ادب میں کہاوتوں کی اہمیت کیا ہے؟ مع مثال واضح کیجئے۔

سوال نمبر۵: مضمون ''عورتوں کے حقوق'' کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(حصہ 'ب')

**مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال سات نمبر کا ہے۔** **5x7=35**

سوال نمبرا: مضمون کے اہم اجزاء کی نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر۲:   شبلی نعمانی کے سوانحی حالات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۳:   ''دیہات کی زندگی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر۴:   دکن کے کسی نثر نگار کی ایک نثری تصنیف کا تعارف پیش کیجئے۔

سوال نمبر۵:   مضمون ''سرسیّد مرحوم اور اردو لٹریچر'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۶:   محاورہ کی تعریف اور خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۷:   حاؔلی کی زندگی کے اہم گوشوں کی نشان دہی کیجئے۔

سوال نمبر۸:   تشبیہ کی تعریف مع مثال قلم بند کیجئے۔

[Total No. of Printed Pages 2] Roll No. ......................

**Bachelor of Arts (BA 12/16/17)**

**First Year Examination - 2019**

**BAUL-102**

**(Urdu Shayeri)**

بی.اے.سال اوّل: اُردو شاعری

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 80**

---

ہدایت:- یہ پرچہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' پر مشتمل ہے۔ پرچے کے مجموعی نمبرات 80 مقرر ہیں۔ دونوں حصوں کے سوالات کے جواب متعلقہ ہدایت کے مطابق دیجئے۔

(حصہ 'الف')

**درج ذیل میں سے تین سوالوں کے تفصیلی جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے لیے پندرہ نمبرات مقرر ہیں۔** **15x3=45**

سوال نمبر ۱: غزل کی تعریف بیان کیجیے، نیز اس کی ہیئت کے مختلف اجزا کی تفصیل مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر ۲: نظم کی تعریف بیان کیجئے، نیز نظم گوئی کے مختلف رجحانات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر ۳: ''فانیؔ بدایونی یاسیات کے امام ہیں۔'' ان کے اشعار کی روشنی میں اس قول پر اظہارِ خیال کیجئے۔

سوال نمبر ۴: حسرتؔ موہانی کی غزل گوئی کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر۵:  اختر شیرانی یا علی سردار جعفری کی نظم گوئی کی خصوصیات کا ذکر مثالوں کے ساتھ کیجئے۔

## (حصہ 'ب')

**درج ذیل میں سے پانچ سوالوں کے جواب اختصار کے ساتھ دیجئے۔ ہر سوال کے لیے سات نمبرات مقرر ہیں۔ 7x5=35**

سوال نمبر۱:  غزل اُردو شاعری کی آبرو ہے۔اس قول کی روشنی میں غزل کی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۲:  نصاب میں شامل چند اشعار کی تشریح بیان کیجئے۔

سوال نمبر۳:  غزل کی مقبولیت کے اسباب پر اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

سوال نمبر۴:  ناصر کاظمی یا فراق گورکھپوری کی غزلوں کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کیجئے۔

سوال نمبر۵:  نظم نگاری کی بنیادی خصوصیات کیا ہیں؟ چند خصوصیات کی نشان دہی کیجئے۔

سوال نمبر۶:  ''او دیس سے آنے والے بتا'' اس نظم کے مرکزی خیال سے بحث کیجئے۔

سوال نمبر۷:  اختر الایمان کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۸:  فیضؔ کی نظم ''صبح آزادی'' کا مفہوم اپنی زبان میں لکھئے۔

[Total No. of Printed Pages 3]                Roll No. ......................

**Bachelor of Arts (BA 12/16/17)**

**Second Year Examination - 2019**

**B.A. IInd Year BAUL-201**

**(Paper Ist "Urdu Nasr")**

بی.اے.سال دوم:   اُردو نثر

**Time : 3 Hours**                **Max. Marks : 80**

---

نوٹ:- یہ پرچہ حصہ'الف' اور'ب' پر مشتمل ہے۔ ہر حصّے کے سوالات کا جواب متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

## (حصہ'الف')

**مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال پندرہ نمبر کا ہے۔**

**15x3=45**

سوال نمبرا:   ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کے کیجئے۔

مشکل یہ تھی کہ پیرو آدمی مرنجان مرنج تھے۔ لیکن شکل سے بڑے خونخوار معلوم ہوتے تھے۔ کالے، موٹے، سرخ سرخ آنکھیں، گنجان داڑھی کسی قدر سرخی مائل، آواز ڈراؤنی، بڑے مضبوط جیسے کوئی نیم سوختہ تناور ببول۔ ان کو معلوم نہ تھا کہ ان کا خاندان غدر میں تباہ وتتر بتر ہو چکا تھا۔ پردیس سے ایسے چلے آتے تھے جیسے سنتے ہیں، محشر میں عشاق خراماں ہوں گے۔ جو کچھ کمایا تھا وہ سب اپنے اوپر لادے ہوئے تھے۔ کئی پن سیری بان، جسے

پورب میں بادھ کہتے ہیں، کچھ ناریل کھوپرے، ایک گٹھر کپڑوں کا پانچ سات تانبے پیتل کے برتن، تھوڑی بہت نقدی، کچھ تمبا کو کے پتّے۔ ایسا شخص جہاں سے گزرتا، لوگوں کو دھوکا ہوتا اور خطرہ محسوس ہوتا۔ ابھی ابھی غدر ہو چکا تھا، مفرور و مشتبہ لوگوں کی تلاش جاری تھی۔ پولیس والوں کو خبر ہوگئی۔ انھوں نے میرو کے بدلے پیرو کو گرفتار کرلیا۔ بہت کچھ ہاتھ پانو مارے، لیکن ایک پیش نہ گئی۔ ان کے خلاف ان کا حلیہ تھا، اور ان کی کمائی ہوئی چیزیں جنھیں وہ لادے پھاندے آرہے تھے۔

## یا

رات ابھی زیادہ نہیں گزری۔ دس بارہ دن کا چاند باغ کی رعنائیوں میں کیف و مستی کی دلآویزیاں پیدا کررہا ہے۔ باغ کے اس حصّے میں سنگ مرمر کا ایک نسبتاً چھوٹا سا اور دو تین سیڑھیاں اونچا حوض ہے۔ جس کے ننھے ننھے فواروں کی آب افشانی حوض میں چاند کو گدگدا کر بےقرار کررہی ہے۔ حوض کے چاروں کناوں سے چار منقش روشیں جن کے دونوں طرف پھول دار جھاڑیاں ہیں۔ باغ کی چاردیواری تک چار چھوٹی چھوٹی اور سبک سہ دریوں کو جاتی ہیں۔ یوں باغ کا یہ حصہ چار سرسبز قطعوں میں تقسیم ہوگیا ہے۔ جن میں خوش قطع کیاریاں اور پھلوں کے گھنے درخت ہیں۔ پھیکے آسمان کے مقابل یہ گھنے درخت سیاہی کے بڑے بڑے بے وضع مگر دل کش دھبّے معلوم ہوتے ہیں۔ سامنے کی سہ دری اور اس کے آس پاس کے لیے لمبے لمبے اور پتلے سرو فاصلے پر ایک سیاہ تصویر نظر آرہے ہیں۔ باغ کے سکوت میں جھینگروں کی آواز کے سوا کچھ مخل نہیں۔

سوال نمبر۲: راجندر سنگھ بیدی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۳: ڈرامہ ''آگرہ بازار'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔

سوال نمبر۴: علی عباس حسینی کی افسانہ نگاری پر اپنا اظہارِ خیال رقم کیجئے۔

سوال نمبر۵: افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کے موضوع اور فنّی خصوصیات کا جائزہ لیجئے۔

(حصہ 'ب')

**مندرجہ ذیل میں سے کوئی پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال سات کا ہے۔**
**5x7=35**

سوال نمبر۱: افسانہ ''میلہ گھومنی'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۲: ڈراما ''انارکلی'' کی خصوصیات کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر۳: ڈراما ''آگرہ بازار'' کی مکالمہ نگاری پر گفتگو کیجئے۔

سوال نمبر۴: حبیب تنویر کے حالاتِ زندگی پر ایک مضمون تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۵: اردو ڈراما نگاری میں آغا حشر کاشمیری کا مقام متعین کیجئے۔

سوال نمبر۶: بیسویں صدی کے طنز و مزاح نگاروں کا تعارف پیش کیجئے۔

سوال نمبر۷: ''شیخ پیرو'' کے حوالے سے رشید احمد صدیقی کے اسلوب پر اظہارِ خیال کیجئے۔

سوال نمبر۸: خطوط کے اوصاف بیان کرتے ہوئے خطوط نگاری کی اہمیت کو واضح طور پر بیان کیجئے۔

 Roll No. ......................

# Bachelor of Arts (BA 12/16/17)
## Second Year Examination - 2019
## BAUL-202
## (Urdu Shaeri)

بی.اے.سال دوم:   اُردو شاعری

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 80**

---

ہدایت:-   یہ پرچہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' پر مشتمل ہے۔ دونوں حصوں کے جوابات متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

(حصہ 'الف')

**مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے تفصیلی جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال پندرہ نمبر پر مشتمل ہے۔** **15x3=45**

سوال نمبر۱:   درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

مَیں کامیابِ دید بھی محرومِ دید بھی
جلووَں کے اژدہام نے حیراں بنا دیا

---

بلند ہو تو کھلے تجھ پہ راز پستی کا
بڑے بڑوں کے قدم ڈگمگائے ہیں کیا کیا

---

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

---

طبل و علم ہی پاس ہے اپنے نہ ملک و مال
ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

**یا**

ایک چنبیلی کے منڈے تلے
مے کدے سے ذرا دور اُس موڑ پر
دو بدن
پیار کی آگ میں جل گئے
پیار حرفِ وفا
پیار اُنکا خدا
پیار اُن کی چتا
دو بدن
اوس میں بھیگتے، چاندنی میں نہاتے ہوئے
جیسے دو تازہ رو، تازہ دم پھول پچھلے پہر
ٹھنڈی ٹھنڈی سبک رو چمن کی ہوا
صرفِ ماتم ہوئی
کالی کالی لٹوں سے لپٹ گرم رخسار پر
ایک پَل کے لیے رُک گئی

سوال نمبر۲:  شادؔ عظیم آبادی کی غزل گوئی پر اظہارِ خیال کیجیے۔

سوال نمبر۳:  ''غالبؔ کی شاعرانہ عظمت'' کے عنوان سے ایک مضمون تحریر کیجیے۔

سوال نمبر۴:  مخدوم محی الدین کا تعارف کراتے ہوئے ان کی نظم ''چارہ گر'' کی خصوصیات کی نشان دہی کیجیے۔

سوال نمبر۵:  مومن خاں مومنؔ کی غزلیہ شاعری کے امتیازی اوصاف قلم بند کیجیے۔

## (حصہ 'ب')

**مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال سات نمبر کا ہے۔** **5x7=35**

سوال نمبر۱:  کیفی اعظمی کی نظم نگاری کی بنیادی خصوصیات کو واضح کیجیے۔

سوال نمبر۲:  اصغر گونڈوی کی غزلوں کے پانچ اشعار قلم بند کیجیے۔

سوال نمبر۳:  کسی ترقی پسند شاعر کی زندگی کے اہم گوشوں پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر۴:  مومن خاں مومنؔ کی غزلوں کے پانچ ایسے اشعار تحریر کیجیے جن میں انہوں نے اپنے تخلص کا استعمال کیا ہے۔

سوال نمبر۵:  نظم ''مکان'' کی اہم خصوصیات کی نشان دہی کیجیے۔

سوال نمبر۶:  مرزا غالبؔ کی زندگی کے حالات قلم بند کیجیے۔

سوال نمبر۷:  ساحرؔ لدھیانوی کی نظم ''خون پر خون ہے'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر۸:  ''یگانہ کی تعلیم و ملازمت'' کے عنوان سے ایک نوٹ لکھیے۔

[Total No. of Printed Pages 2]　　　　　　Roll No. ......................

**Bachelor of Arts (BA 12/16/17)**

**Third Year Examination - 2019**

**BAUL-301**

**(Urdu Nasr)**

بی.اے.سال سوم: اُردو نثر

**Time : 3 Hours**　　　　　　**Max. Marks : 80**

---

ہدایت:- یہ پرچہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' 80 نمبر کا ہے۔ دونوں حصوں کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق دیجئے۔

(حصہ 'الف')

(ہدایت: اس حصہ کے سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھنا ہیں)

**مندرجہ ذیل پانچ سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب آپ کو تفصیل سے لکھنا ہے۔ ہر سوال پندرہ نمبر پر مشتمل ہے۔　　15x3=45**

سوال نمبر۱: ڈپٹی نذیر احمد کے ناول ''توبۃ النصوح'' کی خوبیوں اور خامیوں پر اپنے خیالات پیش کیجئے۔

سوال نمبر۲: پریم چند اُردو افسانہ کے بانی ہیں۔ تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۳: مرزا ہادی رسوا کا ناول ''امراؤ جان ادا'' کامیاب ناول ہے۔ اس ناول کی خصوصیات پر اظہارِ خیال کیجئے۔

سوال نمبر۴: حالؔی کی تصنیف ''یادگارِ غالبؔ'' کی اہم خوبیوں پر ایک تفصیلی مضمون لکھئے۔

سوال نمبر۵: جوشؔ ملیح آبادی کی آپ بیتی ''یادوں کی برات'' کے اسلوب کی خصوصیات پر اظہارِ خیال کیجئے۔ دلائل میں مثالیں بھی دیجئے۔

(حصہ 'ب')

(ہدایت: اس حصہ کے سوالوں کے جواب مختصر تحریر کرنا ہیں)

**درج ذیل آٹھ سوالوں میں سے صرف پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجئے۔ ہر سوال کے لیے سات نمبر ہیں۔** **5x7=35**

سوال نمبر۱: ناول کے اجزائے ترکیبی میں کردار نگاری کی ضرورت اور اہمیت پر اپنے خیالات پیش کیجئے۔

سوال نمبر۲: اپنے کسی پسندیدہ نثر نگار (ادیب) پر مختصر مضمون لکھئے۔

سوال نمبر۳: ''توبۃ النصوح'' کے کسی ایک کردار پر اظہارِ خیال کیجئے۔

سوال نمبر۴: مولانا حالؔی کے نثری کارناموں پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۵: ''میدانِ عمل'' کا مختصر خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۶: اردو صحافت کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۷: محاورہ کی تعریف کیجئے اور دلیل میں مثالیں بھی دیجئے۔

سوال نمبر۸: تشبیہ کسے کہتے ہیں۔ مثالوں سے وضاحت کیجئے۔

[Total No. of Printed Pages 3] Roll No. ......................

**Bachelor of Arts (BA 12/16/17)**

**Third Year Examination - 2019**

**BAUL-101**

**(Urdu Shayeri)**

بی.اے.سال سوم: اُردو شاعری

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 80**

---

ہدایت:- یہ پرچہ دو حصوں 'الف' اور 'ب' پر مشتمل ہے۔ دونوں حصوں کے سوالات کے جواب متعلقہ ہدایت کے مطابق دیجئے۔

(حصہ 'الف')

**درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے مفصل جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال پندرہ نمبر کا ہے۔** **15x3=45**

سوال نمبر۱: درج ذیل میں سے کسی ایک حصے کے اشعار کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجئے اور فنی خصوصیات بھی بتائیے۔

مدعا تیرا اگر دنیا میں ہے تعلیم دیں ترکِ دنیا قوم کو اپنی نہ سکھلانا کہیں
وا نہ کرنا فرقہ بندی کے لئے اپنی زبان چھپ کے ہے بیٹھا ہوا ہنگامۂ محشر یہاں
وصل کے اسباب پیدا ہوں تری تحریر سے دیکھ! کوئی دل نہ دُکھ جائے تری تقریر سے

محفل نو میں پرانی داستانوں کو نہ چھیڑ
رنگ پر جواب نہ آئیں ان فسانوں کو نہ چھیڑ

## یا

جلا کے مشعلِ جاں ہم جنوں صفات چلے
جو گھر کو آگ لگائے وہ میرے سات چلے
دیارِ شام نہیں، منزلِ سحر بھی نہیں
عجب نگر ہے یہاں دن چلے نہ رات چلے
ہوا اسیر کوئی ہم نوا تو دور تلک
بہ پاسِ طرزِ نوا، ہم بھی ساتھ سات چلے

سوال نمبر۲: جگر مرادآبادی کوایک منفرد غزل گو کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر۳: جدید اُردو نظم میں حالیؔ کے مقام کا تعین کیجئے۔

سوال نمبر۴: میر تقی میرؔ کی غزل کا انفرادیت کیا ہے؟

سوال نمبر۵: نظم ''سید کی لوحِ تربیت'' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

## (حصہ 'ب')

**درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال سات نمبر کا ہے۔**

**5x7=35**

سوال نمبر۱: نظم کی تعریف کیجئے اور یہ بھی واضح کیجئے کہ اسے غزل سے مختلف کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر۲: غزل کی فنّی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۳: جگر مرادآبادی کی غزل کے امتیازات پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۴: اقبالؔ کو شاعرِ مشرق کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر۵: ''ولی کی غزل نے روایت سازی کا کام کیا۔'' اس قول پر بحث کیجئے۔

سوال نمبر۶: اس شعر کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی بتایئے۔

کبھی سمت غیب میں کیا ہوا کہ چمن ظہور کا جل گیا
مگر ایک شاخِ نہالِ غم جسے دل کہو سو ہری رہی

سوال نمبر۷: ذیل کے شعر کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی بتایئے۔

دیکھا ہوں تجھے خواب میں اے مایۂ خوبی
اس خواب کو جا یوسفِ کنعاں سوں کہوں گا

سوال نمبر۸: خواجہ میر دردؔ کی صوفیانہ شاعری کی خصوصیات بیان کیجئے۔